سوال

(68) نجاست کی کم ازکم مقدار

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا نجاست کی کم ازکم مقدار درہم کے برابر ہے، رہنمائی فرمائیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نجاست کی کم ازکم مقدار کے حوالہ سے ایک حدیث ہے کہ:

"الدم مقدار الدرہم یغسل وتعاد منہ الصلاۃ"

''درہم کی مقدار برابر خون دھویا جائے گا اور اس کی وجہ سے نماز بھی دہرائی جائے گی۔''

لیکن یہ حدیث موضوع ہے۔ دیکھیں (الضعیفہ: 149)

حنفیہ کے نزدیک نجاست مغلظہ کی مقدار ایک درہم کے برابر ہے اور یہ ان کی دلیل ہے۔ (لیکن) یہ حدیث موضوع ہے "من گھڑت ہے۔ لہذا اس سے نجاست کی مقدار مقرر کرنا باطل ہے اور نجاست 'ناپاکی سے بچنا واجب ہے 'خواہ وہ مقدار درہم سے کم ہی ہو' ان عمومی احادیث کی وجہ سے جو طہارت کا حکم دیتی ہیں۔ (نظم الفرائد: 1/233)

ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ البانیہ

طہارت کے مسائل صفحہ: 164